الیکشن کمیشن آف پاکستان

{شعبہ تعلقات عامہ}

<u>پریس ریلیز</u>

<u>مورخہ: 3مئی2018</u>

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے آج حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست زیر دفعہ 21{4} الیکشنز ایکٹ 2017شائع کر دی ہے۔ یاد رہے کہ قومی و صوبائی اسمبلیوں کے حلقہ جات کی ابتدائی اشاعت مورخہ 5مارچ 2018 کو کی گئی تھی۔ ابتدائی حلقہ بندیوں کے خلاف اعتراضات 30دن کے اندر یعنی 3اپریل 2018تک الیکشن کمیشن آف پاکستان کو موصول ہوئے۔ قومی و صوبائی اسمبلیوں کی کل**<u>1286</u>**اعتراضات تھے جن کی تفصیلات یوں ہے۔

1	خیبر پختون خواہ	181
2	فاٹا	11
3	اسلام آباد	17
4	پنجاب	689
5	سندھ	284
6	بلوچستان	104

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے مورخہ 4 اپریل 2018 سے ان اعتراضات کی باقاعدہ سماعت شروع کی اس سلسلے میں عزت مآب چیف الیکشن کمشنر نے مختلف بنچ تشکیل دیئے ماسوائے اتوار اور یوم مئی کے الیکشن کمیشن نے روزانہ کی بُنیاد پر مسلسل 24 روز 2 مئی 2018 تک اعتراضات کی سماعت کی۔

الیکشنز ایکٹ2017 کی دفعہ 21{4} کے تحت الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ان اعتراضات کی سماعت کے بعد حلقہ بندیوں کی حتمی اشاعت اعتراضات داخل

کرنے کی آخری تاریخ سے 30 یوم میں شائع کرنی تھی جو کہ مورخہ 3 مئی 2018 بنتی ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نےمقررہ تاریخ کو قومی و صوبائی اسمبلیوں کے حلقہ بندیوں کی حتمی اشاعت کردی ہے۔ حلقہ بندیوں کی حتمی فہرست سرکاری گزٹ نوٹیفیکیشن کے لیے پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان پریس کو ارسال کردی گئی ہے مزید براں یہ لسٹ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی سرکاری ویب سائٹ پربھی ملاحظہ کی جاسکتی ہےwww.ecp.gov.pk-

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے دورانِ سماعت اعتراضات بعض حلقہ جات کے نمبر تبدیل کرنے کا حکم دیا اور حتمی حلقہ بندی کی لسٹ میں اِن حلقہ جات کے نمبر درست کیے گئے ہیں۔ لہذا عوام الناس اور سیاسی پارٹیوں سے گزارش ہے کہ وہ قومی اور صوبائی حلقہ جات کے نمبر اور اُنکی حدود الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ یا گزٹ نوٹیفیکیشن سے چیک کر لیں۔